والد صاحب مرحوم (حاجی فیاض حسن سجاد) نے صوبہ بلوچستان میں تحفظ ختم نبوت کے محاذ کو سرگرم کیا اور ہر مکتب فکر سے اِس مسئلہ پر رابطہ رکھا یہ سب چودھری صاحب مرحوم کا ہی فیض اور ان کی تربیت کا اثر تھا، آج بھی بلوچستان میں تحفظ ختم نبوت کے حوالے سے جتنا کام ہو رہا ہے یہ سب چودھری صاحب مرحوم کی محنت کا نتیجہ ہے وہ اس کام کو دنیا و آخرت کی کامیابی کی ضمانت سمجھتے تھے۔

مسافرانِ آخرت

● والد مرحوم مولانا فیصل متین: مدرسہ معمورہ ملتان کے ناظمِ تعلیمات مولانا فیصل متین کے والد ماجد مہر محمد ظفر سرگانہ ۲۲؍اپریل بروز پیر دوپہر کو انتقال کر گئے، جناب محمد ظفر سرگانہ مرحوم تحصیل کبیر والہ ضلع خانیوال کی قدیم بستی باگڑ سرگانہ میں رہائش پذیر تھے۔ اُن کے والد ماجد مہر شوق محمد سرگانہ مرحوم قیامِ پاکستان سے قبل ہی مجلس احرارِ اسلام سے وابستہ تھے۔ وہ حضرت امیر شریعت رحمۃ اللہ علیہ کے میزبان تھے اور انہی کی دعوت پر حضرت امیر شریعت بستی باگڑ سرگانہ تشریف لایا کرتے۔ مہر ظفر سرگانہ مرحوم نے اپنے عظیم والد مرحوم کے خاندانِ امیر شریعت سے تعلق کو آخر وقت تک نبھایا اور اپنی اولاد کو بھی اسی نسبت سے جوڑ دیا۔ ۱۸؍اپریل کو مرحوم اپنے گھر بستی باگڑ سے کبیر والہ موٹر سائیکل پر جا رہے تھے کہ حادثے کا شکار ہو گئے، سر میں شدید چوٹیں آئیں، تین دن سی ایم ایچ ملتان میں زیرِ علاج رہے۔ آخر ۲۲؍اپریل کو بعد ظہر انتقال کر گئے۔ مدرسہ معمورہ ملتان کے اساتذہ و طلباء، سید محمد کفیل بخاری، مولانا محمد اکمل، سید عطاء المنان، سید صبیح الحسن اور دیگر احباب نمازِ جنازہ میں شریک ہوئے۔ نمازِ جنازہ مولانا فیصل متین نے خود پڑھائی اور بستی باگڑ سرگانہ کے قدیم قبرستان میں تدفین ہوئی۔ قائدِ احرار حضرت پیر جی سید عطاء المہیمن بخاری مدظلہٗ اور مجلس احرارِ اسلام کے ناظم اعلیٰ جناب عبداللطیف خالد چیمہ تعزیت کے لیے تشریف لے گئے۔ جبکہ دیگر رہنماؤں نے فون پر تعزیت کی۔

● حاجی عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ: ملتان میں ہمارے، بہت ہی شفیق و مہربان حاجی عبدالعزیز (احمد سوئیٹس والے) ۲۳؍اپریل بروز منگل ساڑھے چھے بجے شام انتقال فرما گئے۔ ان کی نمازِ جنازہ ابن امیر شریعت حضرت پیر جی سید عطاء المہیمن بخاری مدظلہ نے پڑھائی۔ نمازِ جنازہ میں ملتان کے دینی مدارس اور دینی جماعتوں کے رہنماؤں اور کارکنوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ سید محمد کفیل بخاری، سید محمد معاویہ بخاری، سید عطاء المنان بخاری، سید صبیح الحسن اور مدرسہ معمورہ کے اساتذہ بھی نمازِ جنازہ میں شریک تھے۔

● ملتان میں ہمارے کرم فرما حاجی عبدالحفیظ بھٹہ صاحب (نورالاسلام کالونی) گزشتہ ماہ انتقال کر گئے۔

● ملک طارق محمود صاحب (اسلام آباد) کی خالہ محترمہ، انتقال: ۲۷؍اپریل بروز ہفتہ۔

● گلاسگو میں شیخ عبدالواحد کے مکان پر خواتین میں تبلیغی خدمات سرانجام دینے والی مسز کھنڈ ۱۸؍اپریل کو انتقال کر گئیں۔

● مجلس احرار اسلام بورے والہ کے کارکن رانا عبدالرشید کا بھانجا اور ہمشیر گزشتہ ماہ انتقال کر گئے

● چیچہ وطنی میں دارالعلوم ختمِ نبوت کے معاون خصوصی حکیم منظور احمد انتقال فرما گئے

● چیچہ وطنی میں جماعت کے معاونین محمد کاشف، محمد آصف اور حافظ محمد عاطف کی والدہ ماجدہ اور بورے والا جماعت کے ناظم نشریات محمد نوید طاہر کی خالہ انتقال فرما گئیں

اللہ تعالیٰ مرحومین کی مغفرت فرمائے، حسنات قبول فرمائے اور درجات بلند فرمائے۔ پسماندگان کو صبرِ جمیل سے نوازے۔ (آمین) قارئین سے درخواست ہے کہ ایصالِ ثواب اور دعاءِ مغفرت کا خصوصی اہتمام فرمائیں (ادارہ)